اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَاَمَّابَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

# فیضانِ سنّت سے درس دینے کاطریقہ

(اسلامی بہنوں کے لئے)

**درس دینے والی کے لئے ہدایات**: درس دینے والی بریکٹ "( )" میں جو تحریر ہے اسے پڑھ کر سنانے کے بجائے اس پر عمل کرے (تین بار اس طرح اعلان فرمائیے) قریب قریب تشریف لائیے (پردے میں پردہ کئے دوزانو بیٹھ کر اس طرح ابتداء کیجئے)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

(اس کے بعد درود و سلام پڑھائیے)

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہ

وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَا نُوْرَاللّٰہ



(پھر اس طرح کہیے!)

میٹھی میٹھی اسلامی بہنو! قریب قریب آکر درس کی تعظیم کی نیت سے ہو سکے تو دوزانو بیٹھ جائیے اگر تھک جائیں تو جس طرح آپ کو آسانی ہو اسی طرح بیٹھ کر نگاہیں نیچی کیے توجہ کے ساتھ فیضانِ سُنّت کا درس سنیئے کہ لاپرواہی کے ساتھ ادھر ادھر دیکھتے ہوئے، زمین پر انگلی سے کھیلتے ہوئے، لباس، بدن یا بالوں وغیرہ کو سہلاتے ہوئے سننے سے اس کی برکتیں زائل ہونے کا اندیشہ ہے۔

(بیان کے آغاز میں بھی اسی انداز میں ترغیب دلائیے) یہ کہنے کے بعد فیضانِ سنت سے دیکھ کر درود شریف کی ایک فضیلت بیان کیجئے، پھر کہیے)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد